KATHY HOCHUL گورنر                                                    فوری ریلیز کے لیے: 23/8/2023

***گورنر HOCHUL نے 2023 کے نیویارک ریاستی عظیم میلے کا افتتاح کرنے کے لیے ربن کاٹ کر افتتاح کیا ہے***

***نیویارک کے تمام باشندوں کو میلے کو پُردعوت بنانے کے لیے ایشین ولیج کے تعارف اور بہتری کے اقدامات کا جشن منایا گیا ہے***

***گوٹ پویلیئن اور چینے سڑک کے نظاروں میں کی گئی بہتریوں کا دورہ کیا گیا ہے، جو 34.7$ ملین کی سرمایہ کاری سے پچھلے سال اعلان کردہ اوّلین پروجیکٹس ہیں***

***رسائی میں بہتریاں لانے کے بارے میں بتایا گیا ہے تاکہ میلے کے میدانوں میں شمولیت یقینی بنائی جائے***

***1$ ملین کی نئی مارکیٹنگ RFP کا اعلان کیا گیا ہے تاکہ زرعی سیاحت کو فروغ دیا جائے اور ریاست بھر میں کاؤنٹی میلے اجاگر کیے جائیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج 2023 کے نیویارک ریاستی عظیم میلے کا افتتاح کیا ہے، جہاں انہوں نے ملک کے 13 روزہ قدیم ترین ریاستی میلے کا افتتاح کرنے کے لیے ریاستی اور مقامی حکام کے ساتھ ربن کاٹنے کی تقریب میں شرکت کی۔ گورنر نے میلے میں سب سے نئے ثقافتی گاؤں، ایشین ولیج کا ربن بھی کاٹا ہے۔ نیویارک ریاستی عظیم میلے کی نگرانی کرنے والوں، گورنر اور محکمۂ زراعت اور مارکیٹس نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ یقینی بنایا جائے کہ یہ میلہ نیویارک کے شہریوں اور تمام آنے والوں کے لیے ایک خوش آئند جگہ ثابت ہو۔ ایشین ولیج، اب لاطینی ولیج، پین افریقن ولیج اور انڈین ولیج کے ساتھ شامل ہو جائے گا تاکہ میلہ دیکھنے والوں کو نیویارک کے متفرق پس منظروں اور ثقافتوں کے بارے میں محسوس کرنے، لطف اندوز ہونے، اور سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔

"نیویارک ریاستی عظیم میلہ ایک شاندار موقع ہے تاکہ ہمارے کسانوں، مصنوعات، ثقافت اور تنوع کا جشن منایا جائے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری شناخت کے لیے نیویارک کے کسان اور زرعی صنعت لازم و ملزوم ہیں، اور میں نیویارک کے شہریوں اور سیاحوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ اس شاندار روایت کی سیر کریں اور امپائر اسٹیٹ کے لامتناہی خزانوں کا جشن منائیں۔"

میلے کے میدانوں پر گیٹ 4 کے قریب واقع ایشین ولیج میں موسیقی ، رقص ، کھانوں اور متعدد دیگر خصوصی تقریبات کے ذریعے ایشیائی امریکی ، مقامی ہوائی اور پیسیفک جزائر کی کمیونٹیز کی خدمات، تاریخ اور تجربات کو اجاگر کیا جائے گا۔ ایشین ولیج ہفتہ، 26 اگست کو شام 10 بجے تک جاری رہے گا۔

گورنر کے دورے کے دوران، انہوں نے ایک نئی 2,500 مربع فٹ کی گوٹ پویلیئن پر، ریسٹورنٹ رو کا دورہ بھی کیا ہے - جو شمسی توانائی پر ہے اور گوٹ شوز کے لیے کھلی فضا میں جگہ فراہم کرتی ہے - اور ایک نئے 1,600 مربع فٹ کے رعایتی اسٹینڈ کا بھی دورہ کیا، جس کے نتیجے میں میلے کے مستقل ڈھانچوں کی صف میں اضافہ ہو گیا ہے۔ بہتری لانے کے یہ اقدامات 34.7$ ملین کی اس سرمایہ کاری کا حصہ ہیں جس کا اعلان اس میلے کے لیے گورنر نے گزشتہ سال اپنے دورے کے دوران کیا تھا۔ ایک گرین ہاؤس اور ہارٹیکلچرل تعلیمی مرکز، ایک نئے

بھیڑوں والے باڑے اور اون مرکز، اور گھوڑوں کے ایک نئے اصطبل پر بھی کام جاری ہے، جس کے بارے میں امکان ہے کہ 2025 کے نیویارک ریاستی عظیم میلے تک مکمل ہو جائے گا۔ بہتری لانے کے یہ اقدامات 2015 سے اب تک کی تزئین و آرائش اور نئی تعمیرات میں 125$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی بنیاد پر کیے گئے ہیں۔

**نیویارک کے ریاستی کمشنر برائے زراعت Richard A. Ball نے کہا،** "ہمارے نیویارک ریاستی عظیم میلے کا دوبارہ انعقاد ہونا ہمیشہ ہی بہت زبردست بات ہوتی ہے، کہ نیویارک کی اس محبوب روایت کو منایا جاتا ہے جس میں ہماری ریاست کی جانب سے پیش کردہ بہترین چیزوں کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ ہماری زرعی کمیونٹیز کی محنت کو اجاگر کرنے والے، مزیدار کھانوں اور لاجواب موسیقی سے لے کر دلچسپ زرعی نمائشوں تک، اس نیویارک ریاستی عظیم میلے میں ہر قسم کے مہمانوں کے لیے کچھ نہ کچھ خاص پیش کیا جاتا ہے۔ میں اپنے تمام شراکت داروں کا شکرگزار ہوں جو ہر سال اکٹھے ہوتے ہیں، جو ایک ایسا میلہ سجاتے ہیں جس میں ریاست نیویارک سے محبت کرنے والی تمام چیزوں کی نمائش کی جاتی ہے۔"

**نیویارک ریاستی میلے کے ڈائریکٹر Sean Hennessey نے کہا،** "اس سال، نیویارک ریاستی عظیم میلے میں میلہ دیکھنے والوں کے لیے بہت سی دلچسپ نئی چیزیں پیش کی گئی ہیں - جن میں رسائی میں اضافہ کرنے کے اقدامات سے لے کر توسیع شدہ ثقافتی نمائشوں تک بہت کچھ ہے۔ تاکہ نیویارک کے اور زیادہ شہریوں کو مدد ملے کہ ہمارے میلے کے میدانوں پر نئی اور دلکش یادیں بنائیں۔ میں، ایک اور شاندار سال کے لیے، میلے میں، میلہ دیکھنے والوں کے ساتھ، ان نئے اقدامات کا اشتراک کرنے، اور وقت کے ساتھ اعزاز پانے والی ان روایات کو منانے کا منتظر ہوں!"

اس کے علاوہ، گورنر نے دی یوتھ بلڈنگ کا دورہ بھی کیا ہے، جہاں حال ہی میں قابل رسائی ریمپ کا ایک نیا اضافہ شامل کیا گیا ہے، جو وہیل چیئر استعمال کرنے والوں کو اسٹیج تک آسان رسائی فراہم کرتا ہے۔ یہ والی یوتھ بلڈنگ، اس میلے کے دوران H-4 شوز اور مقابلوں کی میزبانی کرے گی۔ گورنر نے اپنے پورے بچپن کے دوران کورنیل کوآپریٹو ایکسٹینشن (Cornell Cooperative Extension) کے H-4 پروگرام میں حصہ لیا تھا، اور وہ پہلی حاضر خدمت گورنر ہیں جنہیں H-4 ممتاز ایلومنی میڈلین سے نوازا گیا، جبکہ یہ اعزاز انہیں گزشتہ سال دیا گیا تھا۔

یہ ریمپ، رسائی میں بہتری لانے والے دو اقدامات میں سے ایک ہے جسے میلے کی انتظامی ٹیم نے اس سال ترجیح دی ہے۔ اس کے علاوہ، میلے نے سبربن پارک میں بجری والا ایک علاقہ بھی ہموار کر دیا تھا تاکہ قابل رسائی طور پر بیٹھنا ممکن بنایا جا سکے۔ گزشتہ سالوں میں، سبربن پارک میں ایک پلیٹ فارم کے انداز میں قابل رسائی نشستیں فراہم کی گئی تھیں؛ تاہم، وہیل چیئر استعمال کرنے والوں کو اسٹیج سے آگے بڑھ کر بیٹھنا پڑا تھا۔

جیسے کہ شہری/ پڑوسی 2023 کے نیویارک ریاستی عظیم میلے کے لیے اپنی سیر کا منصوبہ بناتے ہیں، تو اسی طرح یہ میلہ معذور افراد کے لیے مختلف سہولیات فراہم کرتا ہے۔ ان سہولیات کی وضاحت قابل رسائی خدمات کے ایک نقشے میں کر دی گئی ہے، جو میلے کی ویب سائٹ کے علاوہ، میلے کے دوران میلے کے میدانوں میں رکھے گئے ڈیجیٹل کیوسکز پر فراہم کیا گیا ہے۔

نیویارک ریاستی عظیم میلے کے ساتھ باہم پروموشن سمیت، نیویارک کی کاؤنٹی اور مقامی میلوں کو مضبوط بنانے کے لیے اپنی وابستگی کے حصے کے طور پر، گورنر نے 1$ ملین کی مارکیٹنگ اور اشتہاری مہم کے لیے ایک درخواست برائے پروپوزل (Request for Proposals، RFP) کے آغاز کا اعلان کیا ہے تاکہ مقامی میلوں کو فروغ دیا جائے۔ ریاست میں 50 سے زیادہ کاؤنٹی اور مقامی میلے منعقد کیے جاتے ہیں، جو زرعی مصنوعات، طریقوں، تاریخ اور روایات کی نمائش میں، ریاست کی مدد کرتے ہیں۔ مارکیٹنگ اور اشتہاری مہم اس طرح تیار کی جائے گی کہ ریاست کے کاؤنٹی اور مقامی میلوں میں حاضری بڑھائی جائے، اس کے علاوہ کمیونٹیز کو ان طریقوں سے آگاہ کیا جائے جن سے یہ میلے، مقامی معیشتوں اور زراعت کی معاونت میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ 18 اکتوبر 2023 تک تجاویز جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ مزید معلومات یہاں مل سکتی ہیں۔

**ریاستی سینیٹر John W. Mannion نے کہا،** "اس میلے کا افتتاحی دن ایک قابل قدر روایت ہے کیونکہ یوں ہم ریاست نیویارک کا جشن مناتے ہیں، نئی یادیں بناتے ہیں، اور اپنی تمام پرانی پسندیدہ باتوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

مرکزی نیویارک کے لیے یہ میلہ ایک معاشی محرک ہے اور میلے کے میدانوں کی نمائندگی کرنا ایک خاص اعزاز اور ذمہ داری کی بات ہے۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، میں نے دسیوں ملین ڈالر کی سرمایہ کاری اور میلہ دیکھنے والوں کے لیے نئی سہولیات کی حمایت کی ہے۔ معذوریوں کے لیے کمیٹی کے چیئرمین کے طور پر، مجھے خاص طور پر نئے قابل رسائی اپ گریڈز پر فخر ہے جو نیویارک تمام شہریوں کو میلے میں شرکت کرنے اور مکمل طور پر لطف اندوز ہونے میں مدد دیں گے۔ مرکزی نیو یارک کی قیادت اور وابستگی پر میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

**ریاستی سینیٹر Rachel May نے کہا،** "مرکزی نیویارک میں میری پسندیدہ سالانہ روایات میں سے ایک روایت، نیویارک ریاستی عظیم میلہ ہے۔ یہی وہ وقت ہے کہ نیویارک کی جانب سے پیش کی جانے والی تمام شاندار جگہوں، آوازوں، ثقافت اور کھانوں کا مظاہرہ کیا جائے۔ اس سال خاص طور پر جوش و خروش پایا جاتا ہے کیونکہ نئے ایشین ولیج اور بکریوں کے ایک جدید ترین باڑے سمیت، میلوں کے میدانوں میں متعدد انتہائی متوقع اضافے شامل کر دیئے گئے ہیں۔ بہتریوں کے یہ اقدامات مستقبل میں بھی اس میلے کے تنوع اور رونق کو یقینی بناتے ہیں، اور گورنر Hochul کی قیادت اور ان کی وابستگی کے بغیر یہ کام نہیں ہو سکتا تھا کہ نیویارک ریاستی عظیم میلہ اس ملک کا بہترین میلہ ثابت ہو۔"

**ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey نے کہا،** "نیویارک ریاستی عظیم میلہ، نیویارک کی زراعت اور دیہی روایت کا ایک جشن ہے جسے ہم نے نسلوں سے منایا ہے، اور اس سال میلے کے میدان پر نئی نمائشوں اور خاندانوں کے لیے شاندار یادیں قائم کرنے کے مواقع کے ساتھ، یہ میلہ فاتحانہ طور پر دوبارہ منایا جا رہا ہے! میلہ دیکھنے والے ہماری دیہی کمیونٹیز کی فخریہ پیشکشوں کا تجربہ حاصل کر سکتے ہیں، جن میں ناقابل یقین H-4 شوز اور مقابلوں سے لے کر مویشیوں کے نمائش کنندگان اور ہمارے چھوٹے کاروباری دکاندار تک سب موجود ہیں۔ گورنر Hochul ، زراعت اور مارکیٹس، اور تمام شراکت داروں کا شکریہ جنہوں نے اس میلے کو سب کے لیے ایک ناقابل فراموش تجربہ بنا دیا ہے۔"

**رکن اسمبلی William Magnarelli نے کہا،** "129 ویں اسمبلی ڈسٹرکٹ میں فخریہ طور پر واقع ہونے کے پیشِ نظر، میں ایک بار پھر نیویارک ریاستی عظیم میلے میں سب کو خوش آمدید کہنا چاہتا ہوں۔ میں منتظر ہوں کہ 2023 کے لیے تمام نئی ترغیبات اور نمائشیں دیکھوں۔ موسم گرما کی یہ روایت پورے ملک سے آنے والوں کو وہ تمام باتیں محسوس کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے جو ریاست نیویارک کی جانب سے پیش کی جاتی ہے تاکہ کھانے اور تفریح سے لے کر نیویارک کی زراعت اور چھوٹے کاروباری اداروں تک کو اجاگر کیا جائے۔"

**رکن اسمبلی Pamela J. Hunter نے کہا،** "میں مرکزی نیویارک میں نیویارک ریاستی عظیم میلے کے دوبارہ انعقاد کا خیرمقدم کرتے ہوئے خوش ہوں! اس سال میلہ دیکھنے والوں کے لیے نئے اور پُرجوش تجربات پیش کیے گئے ہیں، جن میں ایشین ولیج اور ڈائنوسار کی نمائش شامل ہے، جبکہ موجودہ سہولیات اور دلچسپیوں میں بہتریاں لانے کے اقدامات کیے گئے ہیں جن کا مقصد یہ ہے کہ نیویارک کے تمام شہریوں کے لیے اس تجربے میں اضافہ کیا جائے۔ میں اپنے پورے علاقے کے خاندانوں کو ان منفرد تجربات سے لطف اندوز ہوتے دیکھنے کی منتظر ہوں جو کہ صرف یہ میلہ ہی فراہم کر سکتا ہے!"

**رکن اسمبلی Albert A. Stirpe, Jr. نے کہا،** "انتظار ختم ہوا۔ NY ریاستی عظیم میلہ شروع ہو چکا ہے! اگلے 13 دنوں تک، مقامی خاندان اور سیاح یکساں طور پر کھیلوں، سواریوں، مزیدار اور متنوع کھانوں اور عالمی معیار کی موسیقی والی تفریح سے لطف اندوز ہوتے رہیں گے۔ یہ موسم گرما کا زور توڑنے کا ایک بہترین طریقہ ہے۔ چلیں آپ سے میلے میں ملتے ہیں!"

**رکن اسمبلی Donna Lupardo نے کہا،** "ہمیشہ کی طرح، میں نیویارک ریاستی عظیم میلے سے لطف اندوز ہونے کا انتظار کر رہی ہوں۔ یہ میلہ ایسا ایک شاندار موقع فراہم کرتا ہے کہ ہماری ریاست جو کچھ بھی پیش کر سکتی ہے وہ دیکھا جائے اور اس کا لطف اٹھایا جائے۔ میں خاص طور پر ان نئی نمائشوں اور بہتری والے اقدامات کی منتظر ہوں جو اس سال میلے میں کی گئی ہیں۔ زراعتی صدر کے طور پر، میں، نیو وائس آف دی فارمر اور گوٹ پویلیئن دیکھنے کے لیے ضرور وہاں جاؤں گی۔ سال بھر اس عظیم تقریب پر کام کرنے والے تمام افراد کا شکریہ۔"

**اونونڈاگا کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو McMahon نے کہا،** "اونونڈاگا کاؤنٹی کو نیویارک ریاستی عظیم میلے کی میزبانی کرنے پر فخر ہے اور ہم ریاست اور ملک بھر سے ہزاروں لاکھوں مہمانوں کو اپنی کمیونٹی میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ ہر سال اس میلے میں کچھ نئی اور دلچسپ چیزیں پیش کی جاتی ہیں، اور اس سال بھی کچھ مختلف نہیں کیا گیا۔" McMahon نے مزید کہا، "میں ایک اور کامیاب میلے کا انتظار کر رہا ہوں جس میں اونونڈاگا کاؤنٹی اور مرکزی نیویارک کی شراکتیں اجاگر کی جاتی ہیں اور میں ہر ایک کو ترغیب دیتا ہوں کہ 2023 کے نیویارک ریاستی عظیم میلے میں آ کر مشاہدہ کریں**!"**

**سیراکیوز کے میئر Ben Walsh نے کہا،** "نیویارک ریاستی عظیم میلہ، سیراکیوز کا ہی مترادف ہے اور یہ میلہ اس شہر اور ہمارے علاقے کے لیے ایک معاشی محرک ہے۔ میں آنے والے دنوں میں متعدد بار میلے کے میدانوں میں موجود نظر آؤں گا، اور میں مرکزی نیویارک، ریاست اور قوم کے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ میلہ ختم ہونے سے پہلے یہاں آئیں۔ گورنر Hochul کے تعاون سے، یہاں کی سہولت گاہیں اور دلچسپیاں بہتر ہوتی جا رہی ہیں۔ آئیے 2023 کے ریاستی میلے کو اب تک کا بہترین میلہ بنا دیں**!"**

یہ نیویارک ریاستی عظیم میلہ، یوم مزدور، پیر، 3 ستمبر تک جاری رہے گا۔

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں